بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ
बिहार राज्य मदरसा शिक्षा बोर्ड,पटना
Bihar State Madrasa Education Board

5,Vidyapati Marg Patna-800001

درجہ فوقانیہ اور مولوی امتحانات 2024 کا Dummy Admit Card آن لائن جاری: سلیم پرویز، چیئرمین مدرسہ بورڈ

طلبا و طالبات متعلقہ مدرسہ کے ذریعہ موصول کرائے گئے داخلہ کارڈ کی اصل کاپی ہی امتحانات مراکز پر لے کر جائیں: ڈاکٹر محمد نور اسلام

پٹنہ 14 جنوری 2024

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے جناب سلیم پرویز چیئرمین بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ اور سکریٹری جناب عبدالسلام انصاری کے حوالے سے تمام نامزد مدارس کے پرنسپل/صدر مدرس/ گارجین اور طلباء و طالبات کو اطلاع دی ہے کہ سال 2024 کے فوقانیہ و مولوی امتحانات 2024 کا داخلہ کارڈ بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ پٹنہ کے ویب سائٹ۔www.bsmeb.org پر آن لائن جاری کر دیا گیا ہے۔ طلبا وطالبات داخلہ کارڈ بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ کے ویب سائٹ پر موجود لنک بنام:۔ Fauquania & Maulvi Exam 2024 DummyAdmit Card سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام کنٹرولر آف اکزامنیشن نے طلبا و طالبات کو واضح کیا ہے کہ داخلہ کارڈ ڈاؤن لوڈ کرا سے جانچ لیں، داخلہ کارڈ میں کسی طرح کی کوئی غلطی (نام، والد کے نام، والدہ کے نام، تاریخ پیدائش، جنس اور تصویر و دستخط) ہے تو اس کی اصلاح کیلئے ایک درجہ پہلے کا سرٹیفکٹ مثلاً فوقانیہ امیدوار وسطانیہ، مولوی امیدوار فوقانیہ سرٹیفکٹ منسلک کر متعلقہ مدرسہ کو موصول کرادیں ساتھ ہی متعلقہ مدرسہ کاغذات مع سرٹیفکٹ کو نامزد مدرسہ کے توسط سے یا براہ راست بذات خود دفتر کو موصول کرنا چاہیں تو مورخہ۔09 فروری 2024 تک کرا سکتے ہیں تاکہ غلطی کی اصلاح کی جا سکے۔

وہیں کنٹرولر آف اکزامنیشن نے طلبا و طالبات کو بتایا ہے کہ آن لائن ڈاؤن لوڈ کئے گئے ڈمی داخلہ کارڈ (Dummy Admit Card) مرکز امتحانات پر قابل قبول نہیں ہوں گے اس لئے صرف متعلقہ مدرسہ کے ذریعہ موصول کرائے گئے داخلہ کارڈ کی اصل کاپی ہی امتحانات مرکز پر قبول کئے جائیں گے۔ جن مدارس کے طلبا و طالبات کو رجسٹریشن کارڈ مل چکا ہے یا پھر رجسٹریشن کارڈ آن لائن موجود ہے ان میں سے کسی امیدوار کا داخلہ کارڈ کی اصل کاپی موصول نہیں ہوئی ہے تو وہ 22 جنوری 2024 سے قبل کنٹرولر آف اکزامنیشن بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ سے رابطہ کریں، انہیں داخلہ کارڈ دستیاب کرانے کی کاروائی کی جائیگی۔

14.1.2024

(ڈاکٹر محمد نور اسلام)

کنٹرولر آف اکزامنیشن

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ